إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

دلائل البرکات و شوارق الانوار فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار

سلسلہ مجموعۃ الصلوات علی سید الموجودات ﷺ بعدد الاسمآء و المعجزات

جلد نمبر 1

سید عبد الودود شاہ

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

دلائل البرکات وشوارق الانوار فی ذکر الصلوۃ علی النبی المختار ﷺ

(سلسلہ مجموعۃ الصلوات علی سید الموجودات بعدد الاسماء والمعجزات ﷺ)

سید عبدالودود شاہ

نام کتاب	دلائل البرکات وشوارق الانوار فی ذکر الصلوۃ علی النبی المختار ﷺ
نام مصنف	سید عبدالودود شاہ
ایڈیشن	پہلا ایڈیشن جون 2019ء
تعداد	1000عدد
کمپوزنگ	محمد ریحان 0300-5933057
پرنٹرز	دی پرنٹنگ پوائنٹ، لاہور

پیش لفظ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد!

کچھ عرصہ قبل ایک غیبی اشارہ یعنی الہام سے مجموعہ درود وسلام ۱۳ ضخیم جلدوں میں شائع کر چکا ہوں جس میں تقریباً ایک لاکھ بیالیس ہزار دو سو ترسٹھ (142263) درود شریف ہیں۔ اس کتاب کی اشاعت کے فوری بعد ایک غیبی اشارے نے بے قرار رکھا اور درود شریف کے بارے میں تشنگی بڑھتی رہی جن کے مجھے سمجھ نہیں آرہی تھی۔ اس راہ کے دوستوں سے بھی مشورہ کیا لیکن تسلی بخش جواب نہ ملا۔

کچھ ماہ بعد اس کی وضاحت ہو گئی اور میں نے درود شریف لکھنا شروع کیا اور حضرت محمد ﷺ کے غیبی توجہ سے 1437 اسمائے محمدیہ ﷺ اور 1437 معجزاتِ نبویہ ﷺ پر مشتمل ایک دوسرا حصہ **"مجموعۃ الصلوات علی سید الموجودات بعدد الاسماء والمعجزات ﷺ"** 26 جلدوں پر مشتمل شائع کر دیا ہے۔

لیکن اس کے باوجود تشنگی بڑھتی جارہی تھی اور پھر مارچ 2019ء کو مدینہ منورہ میں وضاحت ہو گئی۔ اب یہ اس سلسلے کی تیسری کڑی ہے۔ اس حصے کا نام **"دلائل البرکات و شوارق الانوار فی ذکر الصلوۃ علی النبی المختار ﷺ"** کے نام سے لکھ کر جو تقریباً 33 جلدوں میں تیار ہو کر پرنٹنگ کے لیے جا رہی ہے۔ اس حصہ میں 2000 اسمائے محمدیہ ﷺ اور 2000 معجزاتِ نبویہ ﷺ، 2000 خصوصیات نبی ﷺ، 2000 اصحاب کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے نام ہیں۔ اِسی طرح ایک لاکھ چھیانوے ہزار (196000) درود شریف مرتب ہوئے۔

یہ سب کتابیں انٹرنیٹ پر موجود ہیں وہاں سے کاپی کی جاسکتی ہے۔ اس کتاب کے حقوق محفوظ نہیں جو بھی چاہے اور جیسا بھی چھاپنا چاہے اس کی سافٹ کاپی لے کر اپنے طور پر پرنٹ کر کے عام کر سکتا ہے۔

شیخ الکاتب درود شریف

عبدالودود شاہ

0092-334-5920703

مکان J-1، سٹریٹ نمبر 1 سیکٹر N3،

HMC روڈ، فیز 4 حیات آباد پشاور

بیان حصول الثمرات والبرکات بالصلاۃ والسلام علی النبی ﷺ

جو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے سے حاصل ہوتے ہیں۔

1. إمثال أمر اللہ سبحانہ تعالی۔

"یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی فرمانبرداری اور تعمیل حکم ہے۔"

2. "اس میں اللہ عزوجل اللہ کے ساتھ موافقت نصیب ہوتی ہے گو نوعیت میں ہمارا درود بھیجنا اور اللہ کا درود بھیجنا مختلف ہے کیونکہ درود دعاء اور سوال ہے اور اللہ تعالیٰ کا درود حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت وثنا کی شکل میں عطاونوال ہے۔"

3. موافقہ ملائکۃ فیھا۔

" درود خوانی میں فرشتوں کے ساتھ بھی موافقت نصیب ہوتی ہے۔"

إِنَّ اللهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا القرآن، الاحزاب، 56: 33

(بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر خوب کثرت سے درود وسلام بھیجا کرو)

4. حصول عشر صلوات من اللہ علی المصلی علیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرۃ۔

"ایک دفعہ حضور نبی کرم ﷺ پر درود بھیجنے والے کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے دس رحمتیں نصیب ہوتی ہیں۔"

5. إنہ یرفع لہ عشر درجات۔

"ایک دفعہ درود بھیجنے پر دس درجات بلند کیے جاتے ہیں۔"

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اور اس کے دس گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور اس کے لئے دس درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں۔" (نسائی، السنن، 3 :50، کتاب السہو، باب الفضل فی الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، رقم 1297)

6. " ایک بار درود شریف پڑھنے سے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔"

7. "ایک دفعہ درود بھیجنا سے دس گناہوں (بدیوں) کو مٹا دیتا ہے۔

"حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اس کے لئے دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور دس گناہ مٹا دیے جاتے ہیں۔"

(ابو یعلی، المسند، 2 :173 رقم 869)

8. "درود شریف دعا سے پہلے پڑھا جائے تو اس دعاء کی قبولیت کی امید پیدا ہو جاتی ہے کیونکہ درود شریف دعاء کو رب العالمین تک لے جاتا ہے اور درود شریف کے بغیر دعا زمین و آسمان کے درمیان ہی روک لی جاتی ہے۔"

"امیر المؤمنین حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علی وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی دعا ایسی نہیں جس کے اور اللہ کے درمیان حجاب نہ ہوں یہاں تک کہ دعا کرنے والا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے اور جب وہ درود بھیجتا ہے تو یہ حجاب ہٹا دیا جاتا ہے اور دعاء (حریم قدس میں) داخل ہو جاتی ہے اور اگر وہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود نہ بھیجے تو وہ دعاء (باریاب ہوئے بغیر) واپس لوٹ آتی ہے۔" دیلمی، مسند الفردوس، (4 :47، رقم 6148)

9. "درود بھیجنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت پانے کا سبب بنتا ہے۔ خواہ درود کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے سوال وسیلہ ہو یا نہ ہو۔"

"حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ اے میرے اللہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قیامت کے روز اپنے نزدیک مقام قرب پر فائز فرما اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔"

(احمد بن حنبل، المسند، 108 : 4، حدیث رویفع بن ثابت انصاری)

10. "درود شریف بھیجنا گناہوں کی مغفرت کا باعث بنتا ہے۔"

11. "درود شریف بندہ کے رنج و غم میں اللہ تعالیٰ کے کفایت کرنے کا سبب بنتا ہے یعنی درود شریف اللہ تعالیٰ کے کفایت کرنے ک سبب بندے کے لئے دافعِ رنج و غم ہو جاتا ہے۔"

"حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اگر ساری دعا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کے لیے خاص کر دوں تو؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پھر تو یہ درود تیرے تمام غموں کو کافی ہو جائے گا اور تیرے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔" (ترمذی، الجامع الصحیح، 936: 4، کتاب صفۃ القیامۃ والرقائق والورع، باب نمبر 23، رقم 2457)

12. "درود بھیجنا روزِ محشر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قریب تر ہونے کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت ابوامامۃ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجنا اپنا معمول بنا لو بے شک میرے امت کا درود ہر جمعہ کے روز مجھ پر پیش کیا جاتا ہے اور میری امت میں سے جو مجھ پر

سب سے زیادہ درود بھیجنے والا ہو گا وہ (قیامت کے روز) مقام و منزلت کے اعتبار سے میرے سب سے زیادہ قریب ہو گا۔" (بیہقی، السنن الکبری۔ 3: 249، رقم 5791)

13. "تنگ دست اور مفلس کے لیے درود بھیجنا صدقہ کے قائم مقام ہے۔"

"حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کے پاس صدقہ دینے کے لیے کچھ نہ ہو تو وہ اپنی دعا میں یوں کہے اے اللہ تو اپنے رسول اور بندے حضرت محمد صلی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج اور تمام مومن مردوں اور مومن عوروں مسلمان مردوں مسلمان عورتوں پر رحمتیں نازل فرما یہ اس کا صدقہ ہو جائے گا اس حدیث کی اسناد صحیح ہے لیک شیخین نے اس کی تخریج نہیں کی۔" (حاکم، المستدرک علی الصحیحین، 4: 144، رقم 7175)

14. "درود شریف قضاء حاجات کا وسیلہ ہے۔"

"حضرت انس رضی اللہ عنہ جو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادمِ خاص تھے بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے روز تمام یا میں سے تم میں سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہو گا جو دنیا میں تم میں سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجنے والا ہو گا پس جو شخص جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے اور تبارک وتعالیٰ اس کی سو حاجتیں پوری فرماتا ہے ان میں سے ستر (70) آخرت کی حاجتوں میں سے اور تیس (30) دنیا کی حاجتوں میں سے ہیں۔" (بیہقی، شعب الایمان، 3:111، رقم 3035)

15. "یہ (درود) درود خواں کے لئے اللہ تعالیٰ کی رحمت اور فرشتوں کی دعائے رحمت کے حصول کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ اور اس کے فرشتے اس پر ستر مرتبہ درود و سلام بھیجتے ہیں پس اب بندہ کو اختیار ہے چاہے تو وہ اس سے کم یا زیادہ درود بھیجے۔" (احمد بن حنبل، المسند، 172: 2، رقم 6605)

16. "یہ (درود) درود پڑھنے والے کے لیے زکوٰۃ اور طہارت ہے۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھ پر درود بھیجو بے شک تمہارا مجھ پر درود بھیجنا یہ تمہاری پاکیزگی (کا سبب) ہے۔" (ان ابی شیبہ، المصنف، 325: 6، رقم 31784)

17. "بے شک درود بھیجنا موت سے پہلے بندہ کو جنت مل جانے کی خوشخبری کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مجھ پر ایک دن میں ہزار مرتبہ درود بھیجتا ہے اسے اس وقت تک موت نہیں آئی گی جب تک وہ جنت میں اپنا ٹھکانہ نہ دیکھ لے۔"

(منذری، الترغیب والترہیب، 328: 2، رقم 2579:)

18. "بے شک درود بھیجنا قیامت کی ہولناکیوں سے نجات کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا لوگو تم میں سے قیامت کی ہولناکیوں اور اس کے مختلف مراحل میں سب سے زیادہ نجات پانے والا وہ شخص ہوگا جو دنیا میں تم میں سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجنے والا ہوگا۔" دیلمی، مسند الفردوس، 277: 5، رقم 8175:

19. "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود درود و سلام بھیجنے والے کو اس کا جواب مرحمت فرماتے ہیں۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے ارشاد فرمایا جب کوئی شخص مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو اللہ تبارک تعالیٰ مجھے میری روح لوٹا دیتا ہے پھر میں اس سلام بھیجنے والے کو سلام کا جواب دیتا ہوں۔"، ابوداؤد، السنن، 2: 218، کتاب المناسک، باب زیارۃ القبور، رقم: 2041

20. "بے شک درود بھولی ہوئی شئے یاد آجانے کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تمہیں کوئی بات بھول جائے و مجھ پر درود بھیجو ان شاءاللہ وہ (بھولی ہوئی چیز) تمہیں یاد آجائے گی۔" ابن قیم، جلاءالافہام، 223

21. "درود پاک کی برکت سے مجلس پاکیزہ ہو جاتی ہے او قیامت کے دن وہ نشست اہل مجلس کے لیے حسرت کا باعث نہیں بنے گی۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کچھ لوگ کسی مجلس میں جمع ہوتے ہیں پھر اس مجلس سے اللہ کا کیے بغیر اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے بغیر ایک دوسرے سے جدا ہو جاتے ہیں تو ان کی یہ مجلس قیامت کے روز ان کے لئے حسرت وملال کا باعث ہو گی۔"

(ابن حبان، الصحیح، 2: 351، رقم 590)

22. "درود شریف بھیجنے کی برکت سے بخیلی کی عادت بندہ سے جاتی رہتی ہے۔"

"حضرت حسین بن علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔" ترمذی، الجامع الصحیح، 5: 551، کتاب الدعوات، باب قوم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "رغم أنف رجل"، رقم: 3546

23. "درود پڑھنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بد دعا (ناک خاک آلود ہو) سے بندہ محفوظ ہو جاتا ہے۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس آدمی کی ناک خاک آلود ہو جس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔" (ترمذی، الجامع الصحیح، 550: 5، کتاب الدعوت، باب قوم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رغم أنف رجل، رقم 3545)

24. "درود شریف درود بھیجنے والے کو جنت ک راستے پر گامزن کر دیتا ہے اور جو درود کو ترک کرتا ہے وہ جنت کی راہ سے دور ہو جاتا ہے۔"

"حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود بھیجنا بھول جائے تو قیامت کے روز وہ جنت کا راستہ بھو جائے گا۔"

ابن ابی شیبہ، المصنف، 326: 6، رقم 31793:

25. "درود بھیجنا مجلس کی سڑانڈ سے نجات دیتا ہے۔ کیونکہ اس مجلس میں ذکر الٰہی اور ذکر مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا جاتا ہے، اور باری تعالٰی کی حمد وثناء اور محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا جاتا ہے۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب چند لوگ کسی مجلس میں نکع ہوتے ہیں پھر اس مجلس سے وہ اللہ کا ذکر کیے بغیر اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے بغیر ایک دوسرے سے جدا ہو جاتے ہیں تو ان کی یہ مجلس قیامت کے روز ان کے لئے باعثِ حسرت وملال ہو گی۔"

ابن حبان، الصحیح، 351: 2، رقم 590

26. "جو کام اللہ کی حمد وثنا اور حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود سے شروع ہو، درود اس کے مکمل ہوے کا سبب بن جاتا ہے۔"

"ہر وہ نیک اور اہم کام جس کو نہ تو اللہ تعالٰی کی حمد کے ساتھ اور نہ ہی حضور صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کے ساتھ شروع کیا جائے تو وہ ہر طرح کی برکت سے خالی ہو جاتا ہے۔" ابو یعلی، الارشاد، 449: 1، رقم 119:

27. "پل صراط پر بندہ کے لیے افراطِ نور کا سبب درود شریف بنے گا۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر بھیجا ہوا درود پل صراط پر نور بن جائے گا اور جو شخص مجھ پر جمعہ کے دن اسی (80) مرتبہ درود بھیجتا ہے اس کے اسی (80) سال کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔" دیلمی، مسند الفردوس، 405: 2، رقم 3814:

"بے شک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے سے بندہ جفاء کی زد سے باہر نکل جاتا ہے۔"

"حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا؛ یہ جفا (وفائی) ہے کہ کسی کے پاس میراذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔"عبدالرزاق، المصنف، 217: 2 رقم 3121

28. " بے شک درود اللہ تعالیٰ کی رحمت تک رسائی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔(کیونکہ صلوٰۃ بمعنی رحمت کے ہے اور صلوٰۃ قضائے رحمت اور موجب رحمت ہے)۔"

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس میرا ذکر ہو تو اسے چاہیے کہ وہ مجھ پر درود بھیجے اور جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔" نسائی، السنن الکبری، 21: 6، رقم 9889

29. "درود پڑھنا اس امر کا سبب بنتا ہے کہ درود پڑھنے والے کے نام کا ذکر کر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کیا جائے۔"

"حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے میری قبر میں ایک فرشتہ مقرر کیا ہوا ہے جس کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمام مخلوقات کی آوازوں کو سننے (اور سمجھنے) کی قوت واستعداد عطاء فرمائی ہے پس قیامت کے دن تک جو بھی مجھ پر درود پڑھے گا وہ فرشتہ اس درود پڑھنے والے کا نام اور اس کے والد کا نام مجھے پہنچائے گا اور کہے گا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فلاں بن فلاں نے آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا ہے۔" بزار، المسند، 255: 4، رقم 1425

30. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے والے کو پل صراط پر سے گزرتے وقت ثابت قدمی نصیب ہو گی۔"

"حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنی امت کا ایک آدمی دیکھا جو کبھی وپل صراط پر آگے بڑھتا ہے اور کبھی رک جاتا ہے اور کبھی لٹک جاتا ہے پس اس کا مجھ پر درود بھیجنا اس کے کام آتا ہے اور اس کی دستگیری کرتا ہے اور اس کو پل صراط پر سیدھا کھڑا کر لیتا ہے یہاں تک کہ وہ اس کو عبور کر لیتا ہے۔" ہیثمی، مجمع الزوائد، 1807

31. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا مجالس کی زینت کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ (اے لوگو) مجھ پر درود بھیجنے کے ذریعے اپنی مجالس کو سجایا کرو بے شک تمہارا درود مجھے پیش کیا جاتا ہے یا مجھے پہنچ جاتا ہے۔" عجلونی، کشف الخفاء، 536: 4، رقم 1443

32. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا درود بھیجنے والے کو نفاق سے پاک کر دیتا ہے۔"

33. "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دود بھیجنا درسع بھیجنے والے کو جہنم کی آگ سے

بچالیتا ہے۔"

34. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا درود بھیجنے وال کو روزِ قیامت شہداء کے ساتھ ٹھہرانے کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود (بصورت رحمت) بھیجتا ہے اور جو مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ اس پر سو مرتبہ درود (بصورت دعا) بھیجتا ہے اور جو مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کے درمیان نفاق اور جہنم کی آگ سے براءت لکھ دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کا ٹھکانہ ز شہداء کے ساتھ کرے گا۔"

طبرانی، المعجم الاوسط، 188: 7، رقم 7235

35. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا درود بھیجنے والے پر فرشتوں کے درود بھیجنے کا سبب بنتا ہے۔" ابن ماجہ، السنن، 294: 1 کتاب اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیہا، باب الاعتدال فی السجود، رقم 907۔

"حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو بنھدہ بھی مجھ پر درود بھیجتا ہے تو فرشتے اس پر اسی طرح درود (بصورتِ دعا) بھیجتے ہیں جس طرح اس نے مجھ پر درود بھیجا پس اب بندہ کو اختیار ہے کہ وہ مجھ پر اس سے کم درود بھیجے یا زیادہ۔"

ابن ماجہ، السنن، 294: 1 کتاب اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیہا، باب الاعتدال فی السجود، رقم 907۔

36. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیجنا سلام بھیجنے والے پر اللہ تعالیٰ کے سلام بھیجنے کا سبب نبتا ہے۔"

"حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک میں جبرئیل علیہ السلام سے ملا تو اس نے مجھے یہ خوشخبری دی کہ بے شک آپ کا رب فرماتا ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہے میں بھی اس پر درود و سلام بھیجتا ہوں پس اس بات پر میں اللہ عزوجل کے حضور سجدہ شکر بجالایا۔" حاکم، المستدرک علی الصحیحین، 735: 1، رقم 2019

37. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے سے بندہ بدبختی سے نکل جاتا ہے۔"

"حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ بدبخت ہے وہ شخص جس نے رمضان کا مہینہ پایا اور اس کے روزے نہ رکھے اور بدبخت ہے وہ شخص جس نے اپنے والدین کو یا ان میں سے کسی ایک کو پایا اور ان کے ساتھ نیکی نہ کی اور بدبخت ہے وہ شخص جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا۔" طبرانی، المعجم الاوسط، 162: 4، رقم 3871

38. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بذاتِ خود درود بھیجنے والے کا درود سنتے ہیں۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو میری قبر کے نزدیک مجھ پر درود پڑھتا ہے میں خود اس کو سنتا ہوں اور جو دور سے مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ (بھی) مجھے پہنچا دیا جاتا ہے۔" بیہقی، شعب الایمان، 218: 2، رقم 1583

39. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھیجا ہوا درود از خود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچ جاتا ہے۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے ارشاد فرمایا اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ اور نہ ہی میری قبر کو عید گاہ (کہ جس طرح عید سال میں دو مرتبہ آتی ہے اس طرح تم سال میں صرف ایک یا دو دفعہ میری قبر کی زیارت کرو بلکہ میری قبر کی جہاں تک ممکن ہو کثرت سے زیارت کیا کرو) اور مجھ پر درود بھیجا کرو پس تم جہاں کہیں بھی ہوتے ہو تمہارا درود مجھے پہنچ جاتا ہے۔" ابو داؤد، السنن، 218: 2، کتاب المناسک، باب زیارۃ القبور، رقم 2042:

40. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھیجا ہوا سلام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچ جاتا ہے۔"

"حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھ پر سلام بھیجا کرو بے شک تم جہاں کہیں بھی ہو تمہارا سلام مجھے پہنچ جاتا ہے۔" عجلونی، کشف الخفاء، 32: 2، رقم 1602

41. "درود بھیجنے والے کا درود حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشی کا باعث ہے۔"

"حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ انور پر خوشی کے آثار نمایاں تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبرئیل آئے اور کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بات پر خوش نہیں ہوں گے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں سے جو کوئی بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے میں اس پر دس مرتبہ درود (بصورد دعا) بھیجتا ہوں اور جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایک مرتبہ سلام بھیجتا ہے میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجتا ہوں۔" نسائی، السنن، 50: 3، کتاب السہو، باب الفضل فی الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، رقم 1294۔

42. "روزِ قیامت حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو دنیا

میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود کی کثرت کرتا ہو گا۔"

"حضرت عبداللہ بن مسعور رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن لوگوں میں سے زیادہ میرے قریب وہ ہو گا جو (دنیا میں) مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجا کرتا تھا۔" ترمذی، الجامع الصحیح، 354: 2، ابواب الوتر، باب ماجاء فی فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، رقم 484

43. "جو شخص کسی کتاب میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے فرشتے اس وقت تک اس پر درود (بصورتِ دعا) بھیجتے رہتے ہیں جب تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام اس کتاب میں موجود رہتا ہے۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص مجھ پر کسی کتاب میں درود بھیجتا ہے تو فرشتے اس کے لئے اس وقت تک بخشش کی دعا کرتے رہتے ہیں جب تک میرا نام اس کتاب میں موجود رہتا ہے۔"
طبرانی، معجم الاوسط، 232: 2 رقم 1835

44. "جو شخص جمعہ کے دن حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر 80 مرتبہ درود بھیجتا ہے اس کے 80 سال کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔"

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر درود بھیجنا پل صراط پر نور کا کام دے گا پس جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر اسی (80) مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے اسی (80) سال گنا بخش دیتا ہے۔" دیلمی، مسند الفردوس، 408: 2، رقم 3814

45. "جو شخص حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے ستر ہزار فرستے اس پر درود (بصورتِ دعا) بھیجتے ہیں۔"

"حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جنت البقیع کی طرف آیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہاں ایک طویل سجدہ کیا پس میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور فرمایا جو کوئی بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے ستر ہزار فرشتے اس پر درود (بصورت دعا) بھیجتے ہیں۔" ابن ابی شیبہ، المصنف، 517: 2

46. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھیجا ہوا درود، درود خواں کے لئے مغفرت طلب کرتا ہے۔"

47. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآل وسلم پر بھیجے ہوئے درود سے درود خواں کی آنکھوں کو ٹھنڈک نصیب ہوتی ہے۔"

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص بھی مجھ پر درود بھیجتا ہے ایک فرشتہ اس درود کو لے کر اللہ عزوجل کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے پھر اللہ تبارک وتعالیٰ اس فرشتے کو فرماتے ہیں کہ اس درود کو میرے بندے (حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی قبر انور میں لے جاؤ تا کہ یہ درود اس کو کہنے والے کے لئے مغفرت طلب کرئے اور اس سے اس کی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچے۔" دیلمی، مسند الفردوس، 10: 4، رقم 6026

48. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا پانی کے آگ کو مٹانے سے بڑھ کر گناہوں کا مٹانے والا ہے۔"

49. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیجنا غلاموں کو آزاد کرنے سے زیادہ افضل ہے۔"

"حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا پانی کے آگ کو بجھانے سے بھی زیادہ گناہوں کو مٹانے والا ہے۔ اور

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیجنا غلاموں کو آزاد کرنے سے بڑھ کر فضیلت والا کام ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت جانوں کی روحوں سے بڑھ کر فضیلت والی ہے یا فرمایا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے بھی بڑھ کر فضیلت والی ہے۔" ہندی، کنزالعمال، 2: 367، رقم 3982:

50. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے محفوظ رہنے کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اگر میں اہل عزوجل کا ذکر بھول جات تو میں اس کا قرب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کے بغیر نہ پاسکتا، بے شک میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جبرئیل امین نے مجھے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے وہ میری ناراضگی سے محفوظ رہتا ہے۔" سخاوی، القول البدیع 122.

51. "روز قیامت (دنیامیں) حضورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنے والا اللہ تعالیٰ کے عرش کے سائے تلے ہوگا۔"

"حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت والے دن تین اشخاص اللہ کے عرش کے سائے تلے ہوں گے کہ جس دن اللہ تعالیٰ کے عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ عرض کیا گیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ (تین اشخاص) کون ہیں؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک وہ شخص جس نے میری امت کے کسی مصیبت زدہ سے مصیبت کو دور کیا دوسرا وہ جس نے میری سنت کو زندہ کیا اور تیسرا وہ جس نے کثرت سے مجھ پر درود بھیجا۔" سخاوی، القول البدیع 123

52. "اللہ کے ہاں محبوب ترین عمل حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا ہے۔"

"حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نے جبرئیل سے پوچھا اللہ کے ہاں محبوب ترین عمل کون سے ہیں؟ تو جبرئیل نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت کرنا۔" سخاوی، القول البدیع، 129

53. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا فقر کو ختم کر دیتا ہے۔"

"حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد حضرت سمرۃ سوائی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کثرت ذکر اور مجھ پر درود بھیجنا فقر کو ختم کر دیتا ہے۔" سخاوی، القول البدیع، 129

54. "اللہ تعالیٰ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے والے کے دل کو درود کے وسیلہ سے تر و تازہ اور منور کر دیتا ہے۔"

"حضرت خضر بن ابو عباس اور الیاس بن بسام رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو مؤمن بھی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو تر و تازہ اور منور کر دیتا ہے۔" سخاوی، القول البدیع 132۔

55. "جو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ل رحمت کے ستر دروازے کھول دیتا ہے۔"

" حضرت حضرب انشا اور الیاس بن بسام رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص "صلی اللہ علی محمد" (اللہ تعالیٰ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درور بھیجے) کہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے اپنی رحمت کے ستر دروازے کھول دیتا ہے۔" سخاوی، القول البدیع 133:

56. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب

میں دیکھنے کا سبب ہے۔"

"حضرت خضر بن انشا اور الیاس بن بسام رضی اللہ عنھما سے روایت ہے کہ شام کا ایک آدمی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کرنے لگا یارسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے شک میرا باپ بوڑھا ہے لیکن وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرنے کا مشتاق ہے تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسم نے اسے فرمایا کہ اپنے باپ کو میرے پاس لے آؤ آدمی نے عرض کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ نابینا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس کو کہو کہ وہ سات راتیں "صلی اللہ علی محمد" (اللہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے) پڑھ کر سوئے بے شک (اس عمل کے بعد) وہ مجھے خواب میں دیکھ لے گا اور مجھ سے حدیث روایت کرے گا آدمی نے ایسا ہی کیا تو اس کو خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔"

سخاوی، القوم البدیع 133.

57. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا درود بھیجنے والے کو غیبت سے بچاتا ہے۔"

"حضرت خضر بن انشا اور الیاس بن بسام رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم کسی مجلس میں بیٹھو تو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور صلی اللہ علی محمد کہو تو اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ایک فرشتہ مقرر کردے گا جو تمہیں غیبت کرنے سے باز رکھے گا۔" سخاوی، القول البدیع 133.

58. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا مومنین کے دلوں کو زنگ آلود ہونے سے بچاتا ہے۔"

"حضرت محمد بن قاسم سے مرفوعاً روایت ہے کہ ہر چیز کے لیے طہارت اور غسل ضروری ہے اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا مؤمنین کے دلوں کو

زنگ سے پاک کرتا ہے۔" سخاوی، القول البدیع 135:

59. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا درود بھیجنے والے کے لیے لوگوں کی محبت کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت خضر اور حضرت الیاس رضی اللہ عنھما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کوئی مومن ایسا نہیں کہ وہ صلی اللہ علٰی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہے مگر یہ کہ لوگ اس سے سب سے زیادہ محبت کرنے لگیں گے اگرچہ اس سے پہلے وہ اس سے نفرت ہی کیوں نہ کرتے ہوں۔" سخاوی، القول البدیع 133.

60. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآل وسلم کے ساتھ قیامت کے دن مصافحہ کرنے کا سبب ہے۔"

"حضرت عبدالرحمٰن بن عیسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو روزانہ مجھ پر پچاس (50) مرتبہ درود بھیجتا ہے قیامت کے روز میں اس سے مصافحہ کروں گا۔ سخاوی، القول البدیع، 136.

61. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درود بھیجنے والے کے منہ کو بوسہ سے نوازنے کا سبب بنتا ہے۔"

"حضرت محمد بن سعید بن مطرف رضی اللہ عنہ جو کہ ایک نیک اور صالح انسان تھے فرماتے ہیں کہ ہر رات سونے سے پہلے میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کے لئے ایک خاص عدد مقرر کیا ہوا تھا۔ پھر ایک رات میں نے درود کا عدد مکمل کیا ہی تھا کہ مجھے نیند آگئی درآنحالیکہ میں اپنے کمرے میں تھا میں نے خواب میں دیکھا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے کمرے کے دروازے سے اندر داخل ہو رہے ہیں پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اطہر سے میرا کمرہ منور ہو گیا پھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری طرف بڑھے اور فرمایا اپنا منہ جو مجھ پر کثرت

سے درود بھیجتا ہے آگے لاؤ تاکہ میں اس کو چوم سکوں۔" نبہانی، سعادۃ الدارین، 471

62. "وہ مجلس جس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا جاتا ہے اس سے ایک بہترین خوشبو آسمان کی طرف بلند ہوتی ہے۔"

"کسی عارف شخص سے روایت ہے کہ جس مجلس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا جاتا ہے اس سے ایک نہایت ہی پاکیزہ خوشبو پیدا ہوتی ہے جو آسمان کے کناروں تک پہنچ جاتی ہے (اس خوشبو کی وجہ سے) فرشتے کہتے ہیں یہ اس مجلس کی خوشبو ہے جس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا گیا۔" نبہانی، سعادۃ الدارین 471

63. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علی وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا اللہ تعالیٰ کی رضا کا سبب بنتا ہے۔"

64. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا شیطان کو بھگاتا ہے۔"

65. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا خوشی لانے کا باعث بنتا ہے۔"

66. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنے سے انسان حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھولنے سے محفوظ ہو جاتا ہے۔"

67. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا ایسی عبادت ہے جو تمام اوقات اور احوال میں بلا شرط جائز ہے اس کے وقت کی کوئی پابندی نہیں یہ عبادت ہر وقت ادا ہے اس میں قضا نہیں ہے جبکہ دوسری تمام عبادات ایسی نہیں۔"

68. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا بندے کے لئے دنیا، قبر اور یوم آخرت میں نور کا باعث بنتا ہے۔"

69. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا ولایت ک طرف جانے

والا راستہ ہے۔"

70. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے دروع بھیجنا دل کی مفلسی اور اس کے غموں کو دور کرتا ہے۔"

71. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کپحر سے درود بھیجنا دل کی سختی کع دور کرتا ہے۔"

72. "درود و سلام کی مجالس فرشتوں کی مجالس اور جنت کے باغات ہیں۔"

73. "تمام نمازوں کو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کے ساتھ مشروع اور مشروط کر دیا گیا ہے۔"

74. "تمام صاحبانِ اعمالِ صالحہ سے افضل وہ شخص ہے جو کثرت سے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے۔"

75. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہمیشہ کثرت سے درود بھیجتے رہنا بہت ساری بدنی اور مالی طاعات کے قائم مقام ہے۔"

76. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا اللہ تعالیٰ کی اطاعت و بندگی میں معاون ثابت ہوتا ہے۔"

77. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا تمام امور میں حائل مشکلات کو رفع کر دیتا ہے۔"

78. "حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا تمام رحمت کے ساحکمان کے چھا جانے کا باعث بنتا ہے"۔

79. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنے سے فرشتے کا درود بھیجنے والے کا اپنے پروں کے ساتھ گھیر لیتے ہیں"۔

80. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا انسان کو نقصان دہ کلام سے بچاتا ہے"۔

81. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا درود بھیجنے والے کی ابدی خیر وسعادت کا باعث بنتا ہے"

82. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنے کی وجہ سے درود بھیجنے والے کے ہم نشین اس کی مجلس سے خوش ہوتے ہیں"۔

83. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا آسان ترین اور افضل ترین عبادت ہے"۔

84. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا جنت کے شادابی عطا کرتا ہے"۔

85. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنے سے حضور ﷺ کو بھولنے سے محفوظ ہو جاتا ہے"۔

86. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا ایسی عبادت ہے جو تمام اوقات اور احوال میں بلا شرط جائز ہے" اس کی وقت کی کوئی پابندی نہیں یہ عبادت ہر وقت ادا ہے اس میں قا جائٹھں ہے جبکہ دوسری تمام عبادات ایسی نہیں"۔

87. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا بندے کے لیے دنیا، قبر اور یوم آخرت میں نور کا باعث بنتا ہے"۔

88. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا ولایت کی طرف جانے والا یت راستہ ہے"۔

89. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا دل کی مفلسی اور اس کے غموں کو دور کرتا ہے"۔

90. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا دل کی سختی کو دور کرنا ہے"۔

91. "درود وسلام کی مجالس فرشتوں کی مجالس اور جنت کے باغات ہیں"۔

92. "تمام نمازوں کو حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنے کے ساتھ مشروع اور مشروط کر دیا

گیا ہے"۔

93. تمام صاحبان اعمال صالحہ سے افضل وہ شخص ہے جو کثرت سے حضور نبی اکرم ﷺ پر دود بھیجتا ہے"۔

94. حضو"حضور نبی اکرم ﷺ پر ہمیشہ کثرت سے درود بھیجتے رہنا بہت ساری بدنی اور مالی طاعات کے قائم مقام ہے"۔

95. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا اللہ تعالیٰ کی اطاعت وبندگی میں معاون ثابت ہوتا ہے"۔

96. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا تمام امور میں حائل مشکلات کو رفع کو دیتا ہے"۔

97. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا تمام امور کی انجام دہی کو آسان بنادیتا ہے"۔

98. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنے والے کی روح اعلیٰ مقامات پر فائز کی جاتی ہے"۔

99. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنے والے تمام اہل عمل سے آخرت میں سبقت لے جائیں گے"۔

100. "حضور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا بندے اور جہنم کی آگ کے درمیان ڈھال بن جائے گا"۔

101. "زمین کے ٹکڑے بھی جن پر کوئی شخص "حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجتا ہے، اس شخص پر فخر کرتے ہیں"۔

102. "کثرت درود وسلام حضور ﷺ کی کچہری کی حاضری نصیب کرتا ہے"۔

(از محمد جاوید مصنف ۱۰۰۰ درود شریف)

درود شریف پڑھنے کا طریقہ

☆ ہر درود شریف میں یہ خاصیت ہے کہ اس پر دوام سے دیدار نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضرور نصیب ہوتی ہے۔

☆ درود شریف پر استقامت سے قرب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور معیت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضرور نصیب ہوتی ہے۔

☆ درود شریف پوری یکسوئی اور توجہ سے پڑھنا چاہیے۔

☆ اپنے مقصد یا مقاصد کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔

☆ اگر ہو سکے تو توجہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رکھیں۔

☆ علماء کے نزدیک کثرت سے مراد کم از کم 313 مرتبہ دن اور رات مقرر ہے۔

☆ اسمائے الحسنیٰ میں ہر ایک اسم شریف میں 2000 درود ہے۔اپنے پسند کے اور مقصد کے پیش نظر ان میں سے کوئی بھی ایک درود شریف کو روزانہ کے لیے پسند کیا جائے۔

☆ شب جمعہ کو سارے گھر والے، محلے والے، مسجد والے جمع ہو کر کم از کم ایک اسم شریف سے متعلق 2000 درود شریف ضرور پڑھیں۔

☆ مقاصد کے جلد حصول کے لیے اجتماعی طور پر بروز جمعہ اسمائے الحسنیٰ میں سے کسی بھی اسم کے تحت 2000 درودوں میں سے کسی ایک درود شریف کو پسند کر کے ایک لاکھ چھیانوے ہزار مرتبہ پڑھا جائے۔

☆ درود شریف کے ختم کے بعد اُمت کی بہتری اور خوشحالی کے لیے دعا ضرور کی جائے۔

☆ اگر ہو سکے تو مصنف کو بھی دعا میں یاد کریں۔

تحقیق بر تعداد اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اب تک جتنی تحقیق ہو چکی ہے اس کا خلاصہ درجہ ذیل ہیں۔

سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے مبارکہ کی تعداد کا صحیح علم تو اللہ تبارک وتعالیٰ کو ہے یا پھر سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خود۔ کیونکہ یہ محبت اور محبوب کی بات ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات لامحدود ہیں۔اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے مبارکہ بھی لامحدود ہیں جن کا تعین ممکن نہیں۔

علمائے کرام، صوفیائے کرام، محدثین اور سیرت نگاروں نے اپنی اپنی کتب میں اپنی معلومات کے مطابق ایک مخصوص تعداد کا بھی ذکر کیا ہے۔

1۔ ابو سلام احمد بن علی نے کتاب "السبعة وسبعون السمية" میں "77" اسمائے نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کیا ہے۔

2۔ شیخ فخر الدین الحرالی نے کتاب "ابداء الخفا" میں "99" اسمائے نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کیا ہے۔

3۔ سیدنا محمد سلیمان الجزولی نے کتاب "دلائل الخیرات" میں "201" اسمائے نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کیا ہے۔

4۔ محدث ابن دحیہ نے کتاب "المستوفٰی" میں "300" اسمائے نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کیا ہے۔

5۔ امام سیوطیؒ نے کتاب "الریاض الانیقه" میں "336" اسمائے نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کیا ہے۔

6۔ امام قسطلانیؒ نے کتاب "المواهب" میں "400" اسمائے نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کیا ہے۔

7۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے کتاب "مدارج النبوۃ" میں "400" اسمائے نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کیا ہے۔

8۔ علامہ سخاوی نے کتاب "القول البدیع" میں "430" اسمائے نبوی ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

9۔ امام محمد الشامی نے کتاب "سبل الھدیٰ" میں "700" اسمائے نبوی ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

10۔ علامہ یوسف النبھانی نے کتاب "احسن الوسائل" میں "820" اسمائے نبوی ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

11۔ امام ابو بکر ابن عربی نے کتاب "ترمذی" کی شرح میں " 1000" اسمائے نبوی ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

12۔ مخدوم محمد ہاشم نے کتاب "حدیقۃ الصفاء" میں " 1181" اسمائے نبوی ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

13۔ صوفی برکت علی لدھایانوی نے کتاب "اسماء النبی الکریم ﷺ" میں "1435" اسمائے نبوی ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

14۔ شیخ عبد الرؤف مناویؒ نے کتاب "شرح النموذج اللبیب" میں ہے کہ امام ابن فارس نے کہا ہے کہ سرکارِ دو عالم ﷺ کے "2000" اسمائے نبوی ﷺ کا ذکر کیا ہے۔

حضرت علامہ زرقاویؒ فرماتے ہیں کہ کتب میں اسماء النبی ﷺ کی جتنی تعداد مذکور ہوئی ہے کل اُتنے ہی اسمائے نبوی ﷺ نہیں ہیں بلکہ اُن سے کئی گنا زیادہ ہیں۔

حضرت علامہ ابن عساکر نے لکھا ہے کہ آپ ﷺ کی صفات سے آپ کے اسمائے مبارکہ مشتق ہوں تو اُن کی تعداد بہت زیادہ ہو جائے گی۔

اس عظیم موضوع پر تحریر ہونے والی چند نادر کتب اور اُن کے مصنفین کے اسماء مع سال وصال ذیل میں ہیں۔

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	سال وصال
1۔	اسما النبی ﷺ	حسین حمدان الخصیبی	358ھ

2۔	فی اسماء النبی ﷺ	احمد بن فارسی	395ھ
3۔	اسما الرسول ﷺ ومعانہا	احمد بن فارس	395ھ
4۔	المستوفی فی اسماء المصطفیٰ ﷺ	ابن دحیۃ الکلبی	633ھ
5۔	ابداء الخفاء	فخر الدین الحرالی	637ھ
6۔	ارجوزۃ فی اسماء النبی ﷺ	ابن عبداللہ القرطبیّ	671ھ
7۔	اسماء النبی ﷺ	عبدالرحمٰن الانصاری	734ھ
8۔	اسماء النبی ﷺ	عبدالدائم سلامۃ	797ھ
9۔	الریاض النیقۃ	جلال الدین السیوطی	911ھ
10۔	النہجۃ السویۃ	جلال الدین السیوطی	911ھ
11۔	الغسول فی اسماء الرسول ﷺ	محمد یوسف اطفیش	1332ھ
12۔	احسن الوسائل	یوسف اسماعیل النبہانی	1350ھ
13۔	تحقیق اسمائے النبی ﷺ	صوفی برکت علی	

اسی طرح معجزات کا حصہ کتاب 1050 معجزات من معجزات رسول اللہ ﷺ از مصطفیٰ ابوالمعاطی دارلغدالجدید قاہرہ مصر سے نقل کی گئی ہے۔

خیال رہے کہ آپ ﷺ کے نام مبارک کے ساتھ درود پاک کا لکھنا یا ذکر کے وقت پڑھنا واجب ہے۔اس کی احادیث پاک میں بڑی تاکید اور اس کے خلاف سخت وعید وارِد ہے۔مزید یہ کہ اسم مبارک لکھنے کے بعد ﷺ یا علیہ الصلوٰۃ والسلام پورا لکھنا ضروری ہے۔ صرف ''صلعم'' یا ''ص'' لکھنے سے درود پاک کا نہ حکم پورا ہوتا ہے نہ ثواب ملتا ہے۔

اس کتاب کو عمرہ یا حج پر اگر اللہ تعالیٰ توفیق دے لے جائیں تو اس کے کمالات اپنے آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

شیخ الکاتب درود شریف

عبدالودود شاہ

مکان J-1 ، سٹریٹ نمبر 1 سیکٹر N3،
HMC روڈ، فیز 4 حیات آباد پشاور

باب اول

مبشرات

1. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ بَشَّرِ الْمَلَائِکَتَہ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت ملائکہ نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

2. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ بَشَّرِ فِی الْاِنْجِیْل، فِی التَّوْرَات وَفِی الزَّبُوْر صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت انجیل، زبور اور تورات میں دی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

3. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ بَشَّرِ حَضْرَتْ آدَمْ عَلَیْہِ السَّلَامِ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت آدم علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے

آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

4. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ بَشَّرَ حَضْرَتُ اِبْرَاهِيْم عَلَيْهِ السَّلَامِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

5. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ بَشَّرَ حَضْرَتُ دَاؤُد عَلَيْهِ السَّلَامِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت داؤد علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

6. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ بَشَّرَ حَضْرَتُ سُلَيْمَان عَلَيْهِ السَّلَامِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت سلیمان علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

7. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ بَشَّرَ حَضْرَتُ

شُعَیۡب عَلَیۡہِ السَّلَامِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمۡ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت شعیب علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

8. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنۡ بَشَّرِ حَضۡرَتُ عِیۡسٰی عَلَیۡہِ السَّلَامِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمۡ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

9. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنۡ بَشَّرِ حَضۡرَتُ یُوۡسَف عَلَیۡہِ السَّلَامِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمۡ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت یوسف علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

10. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنۡ بَشَّرِ حَضۡرَتُ مُوۡسٰی عَلَیۡہِ السَّلَامِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمۡ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

11. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ بَشَّرِ حَضْرَتْ شِيْش عَلَيْهِ السَّلَامِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارِكْ وَسَلَّمْ**

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت شیش علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

12. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ بَشَّرِ حَضْرَتْ نُوح عَلَيْهِ السَّلَامِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارِكْ وَسَلَّمْ**

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت نوح علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

13. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ بَشَّرِ قَدِيْمُ الْكُتُبْ وَالصَّحَائِفُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارِكْ وَسَلَّمْ**

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت پرانے کتابوں و صحائف میں موجود تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ

کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

14. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ بَشَّرِ حَضْرَتُ يَسْيَاءَ عَلَيْهِ السَّلَامِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت یسیاء علیہ السلام نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

15. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ لَهُ فِيْ اَحْبَارِ الْيَهُوْد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت احبار الیہود نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

16. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ لَهُ فِيْ اَحْبَارِ الرُّهْبَان صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت احبار الرہبان نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

17. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ لَهُ فِيْ كَهَنَهُ

السِّیْطح صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت سیطح کی کہانت نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

18. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ لَہُ فِیْ مَلِكِ شِدَادِ بِنْ عَاد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت بادشاہ شداد بن عاد نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

19. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ لَہُ فِیْ حَمِیْر بِنْ وَرْدَع صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حمیر بن وردع نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

20. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ لَہُ مَنْ رَاٰی فِی النَّوْمِ مُرْثِدِ بِنِ کَلَال صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارَكَ وَسَلَّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت مرثد بن کلال کو خواب میں دی گئی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

21. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ لَہٗ مَنْ رَاٰی فِی النَّوْمِ رَبِیْعَۃَ بِنْ النَّضْرِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت ربیعۃ بن نضر نے دی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

22. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ لَہٗ مَنْ رَاٰی عَبْدُ الْمُطَّلِبْ فِیْ حَقِّہٗ النَّوْم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (جن کے آنے کی بشارت حضرت عبدالمطلب کو خواب میں دی گئی تھی) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

23. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بْنِ عبداللہ بْنِ عبدالمطلب بْنِ ھاشم بْنِ عبدمناف بْنِ قُصَیْ بْنِ کِلاب بْنِ مُرّہ بْنِ کعب بْنِ لُؤی بْنِ غالب بْنِ فِھر بْنِ مالك بْنِ نَضَر بْنِ کِنانہ بْنِ خُزیمہ بْنِ مدرِکۃ بْنِ الیاس بْنِ مُضَر بْنِ نِزار بْنِ مَعْد بْنِ

عدنان بُنِ اَوُدُ بُنِ هَمَيْسَع بُنِ سلامان بُنِ عَوْص بُنِ بَوْز بُنِ قَمْوال بُنِ اُبَيّ بُنِ عَوام بُنِ ناشِد بُنِ حِزَا بُنِ بَلداس بُنِ يَدلاف بُنِ طابخ بُنِ جاحم بُنِ ناحِش بُنِ ماخی بُنِ عَيفی بُنِ عَبْقَر بُنِ عُبَيد بُنِ دُعا بُنِ حَمدان بُنِ سَنْبَر بُنِ يَثربی بُنِ يَحْزَن بُنِ يَلْحَن بُنِ ارعَوی بُنِ عَيْضِی بُنِ ذیشان بُنِ عِیصَر بُنِ اَقناد بُنِ اِيهام بُنِ مُقَصّر بُنِ ناحث بُنِ زارِح بُنِ سَمِی بُنِ مُزِی بُنِ عِوَض بُنِ عِرام بُنِ قِيدار بُنِ اسماعيل عليه السلام بُنِ ابراهيم عليه السلام بُنِ تارَّخ/آذر بُنِ ناحُور بُنِ سارُوغ بُنِ اَرغوا بُنِ فالِغ بُنِ عابر بُنِ اَرْفخشار بُنِ سام بُنِ نوح عليه السلام بُنِ لامِك بُنِ مَتُشالخ بُنِ ادريس عليه السلام بُنِ يارَد بُنِ مَهْلَائيل بُنِ قِيْنان بُنِ آنُوش بُنِ شيث عليه السلام بُنِ آدم عليه السلام

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ اور اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکۃ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن اود بن ہمیسع بن سلامان بن عوص بن بوز بن قموال بن ابی بن عوام بن ناشد بن حزا بن بلداس بن یدلاف بن طابخ بن جاحم بن ناحش بن ماخی بن عیفی بن عبقر بن عبید بن دعا بن حمدان بن سنبر بن یثربی بن یحزن بن یلحن بن ارعوی بن عیضی بن ذیشان بن عیصر بن اقناد بن ایہام بن مقصر بن ناحث بن زارح بن سمی بن مزی بن

عوض بن عرام بن قیدار بن اسماعیل علیہ السلام بن ابراھیم علیہ السلام بن تارخ/آذر بن ناحور بن ساروغ بن ارغوابن فالغ بن عابر بن ارفخشار بن سام بن نوح علیہ السلام بن لامک بن متشالخ بن ادریس علیہ السلام بن یارد بن مہلائیل بن قینان بن آنوش بن شیث علیہ السلام بن آدم علیہ السلام

باب دوم

تعارف محمد ﷺ بن عبداللہ

1. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ لَہٗ وُلِدَ فِیْ اُمِّ الْقُرٰی، وَمَکَّۃَ الْمُکَرَّمِی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (ان پر جو مکہ المکرمہ میں پیدا ہوا تھا) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

2. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ ھُوَ (۵) جَدَّۃَ مِنْ قَبْلَ اَبَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (ان پر جن کے پانچ دادیاں تھیں) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

3. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰی مَنْ ھُوَ (۵) جَدَّ قَبْلَ اُمْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محمد ﷺ پر (ان پر جن کے پانچ نانیاں تھیں) اے اللہ درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام

رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین پر۔

4. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَعَلٰى مَنْ هُوَ (۲) اَرْضَعَتْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الادعج ﷺ تمام شریفوں کے شرافت کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے بکری کے دودھ میں کثرت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبو سفیان بن حرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

598. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَدْوَمِ، بِعَدَدِ النُّجُوْمِ وَ كَوَاكِبِهَا، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (تَكْثِيْرِهِ ﷺ اللَّبَنَ فِي الْاِنَاءِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو سلمة بن عبد الأسد وَبَارِكْ وَسَلِّمْ.

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الادوم ﷺ تمام سیاروں اور ستاروں کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کے برکت سے برتن میں دودھ کی کثرت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبو سلمۃ بن عبد الأسد رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

599. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اُذُنِ خَيْرٍ، بِعَدَدِ الشُّهُوْرِ وَاَيَّامِهَا ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (مَسْحُ ضَرْعِ شَاةٍ مَا تُسْتَحْلَبُ فَحُلِبَتْ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو سنان بن محصن وَبَارِكْ وَسَلِّمْ.

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اذن خیر ﷺ تمام مہینوں اور دنوں کے تعداد کے برابر اور بکری کی تھنوں میں ہاتھ مبارک کی مسح سے دودھ کی کثرت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان

اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبو سنان بن محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

600. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَرْأَفِ النَّاسِ، بِعَدَدِ الْبِحَارِ وَاَنْھَارِھَا، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (اَلسَّمْنُ یَقْطُرُ مِنَ الْعُکَّۃِ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبو الطفیل عامر بن واثلۃ الکنانی وَبَارَکَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اراف الناس ﷺ تمام سمندروں اور نہروں کے تعداد کے برابر اور بکری کے تھنوں میں آپ ﷺ کے ہاتھوں سے مس کرنے سے دودھ کی کثرت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبو الطفیل عامر بن واثلۃ الکنانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

601. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَرْجَحِ، بِعَدَدِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (دَعْوَۃُ النَّبِیِّ ﷺ بِالْبَرَکَۃِ لِسَمْنٍ فَظَلَّ یُؤْکَلُ مِنْہُ حَتّٰی خِلَافَۃِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبو طلحۃ الأنصاری وَبَارَکَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الارجح ﷺ تمام جن وانس کے تعداد کے برابر اور ایک دعوت کے کھانے میں اتنی برکت آئی کہ خلافت علیؓ تک وہ کھانا کھایا جاتا رہا کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبو طلحۃ الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

602. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَرْجَحِ النَّاسِ عَقْلًا، بِعَدَدِ الْکَوَاکِبِ وَمَنَازِلِھَا، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (سَمْنُ اُمِّ شَرِیْکٍ

وَشَعِيْرُهَا وَبَرَكَةُ النَّبِيِّ ﷺ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو ظبيان الأعرج وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ارجح الناس عقلا ﷺ کواکب اور ان کے منازل کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے ام شریک کے غلہ کے برتن میں برکت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو ظبیان الأعرج رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

.603 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا اَرْحَمِ النَّاسِ، بِعَدَدِ الطُّيُوْرِ وَرِيْشِهَا، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (تَكْثِيْرُ السَّمْنِ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَلَوْ بَقِيَ لَسَالَ وَادِيًا مِنَ السَّمْنِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو العاص بن الربيع وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ارحم الناس ﷺ تمام پرندوں اور اس کے پروں کے برابر اور غزوہ تبوک میں آپ ﷺ کی برکت سے دودھ کی نہر کا جاری ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو العاص بن الربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

.604 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا اَرْحَمِ النَّاسِ بِالْعِيَالِ، بِعَدَدِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (عُكَّةٌ يَّبْقٰى فِيْهَا السَّمْنُ وَلَوْ لَمْ تُعْصَرْ لَبَقِيَ فِيْهَا السَّمْنُ اَبَدًا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو عامر الأشعری وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ارحم الناس بالعیال ﷺ تمام خشکی اور سمندروں کی تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے گھی کی برتن میں ابد تک گھی

ہونا تھا اگر گھی کا برتن نہ نچوڑا جاتا کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و ابو عامر الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

605. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَرْمَى النَّاسِ، بِعَدَدِ الشَّجَرِ وَالثَّمَرِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَهْدَتْ لِلنَّبِيِّ ﷺ عُكَّةَ سَمْنٍ فَرَجَعَتْ فَوَجَدَتِ الْعُكَّةَ مَمْلُوءَةً بِالسَّمْنِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو عبس بن جبر وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ارمی الناس ﷺ تمام درختوں اور پھلوں کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے گھی کی برتن میں گھی کی کثرت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و ابو عبس بن جبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

606. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَرْوَعِ مُضَرَ، بِعَدَدِ الشَّوْكِ وَالشَّجَرِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ تَكْثِيْرِهٖ ﷺ الشَّعِيْرَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو عبيد الثقفي وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اروع مضر ﷺ تمام درختوں اور اس کے پتوں کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے غلہ میں برکت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و ابو عبید الثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

607. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَزَجِّ، بِعَدَدِ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ،

صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (شَعِيْرٌ يُؤْكَلُ مِنْهُ وَلَا يَنْقُصُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو عبيدة بن الجراح وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الازج ﷺ تمام جفت اور طاق کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے غلہ میں کھانے کے باوجود کمی کا نہ آنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبو عبیدۃ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

608. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَزْكٰى، بِعَدَدِ كُلِّ مَنْ اٰمَنَ وَاتَّقٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (شَعِيْرٌ يُؤْكَلُ مِنْهُ وَلَا يَنْقُصُ حَتّٰى كِيْلَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو عقرب البكرى وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الازکیٰ ﷺ تمام ایمانداروں اور پرہیزگاروں کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے غلہ میں کھانے کے باوجود اس میں برکت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبو عقرب البکری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

609. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَزْهَرِ، بِعَدَدِ مَنْ صَدَّقَ وَاهْتَدٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَبُوْ هُرَيْرَةَ وَمِزْوَدَةُ تَمْرِهٖ تَبْقٰى حَتّٰى خِلَافَةِ عَلِيٍّ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو العكر الدوسى وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الازھر ﷺ تمام سچوں اور ہدایت یافتہ

کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے حضرت ابوہریرہؓ کی کھجوروں میں حضرت علیؓ کی خلافت تک اضافہ ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبوالعکر الدوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

610. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَزْهَدِ النَّاسِ، بِعَدَدِ مَنْ سَبَّحَ وَصَلّٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (سَبْعُ تَمْرَاتٍ تَصِيْرُ اَرْبَعًا وَّخَمْسِيْنَ تَمْرَةً) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو قحافة التيمي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ازھد الناس ﷺ تمام تسبیح اور درود پڑھنے والوں کی تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے سات کھجوروں سے پینتالیس آدمیوں کا پیٹ بھرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو قحافۃ التیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

611. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَسَدِ، بِعَدَدِ الرَّمْلِ وَالثَّرٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (تَكْثِيْرُ تَمْرٍ مَعْجُوْنٍ بِالسَّمْنِ وَبَرَكَةُ النَّبِيِّ ﷺ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو قيس بن الأسلت وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الاسد ﷺ تمام رمل اور ثریٰ کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے کھجوروں کے حلوہ میں کثرت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ

اجمعین و أبو قیس بن الأسلت رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

612. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَسْخَی النَّاسِ، بِعَدَدِ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِیْنَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (تَمْرٌ یَّکْفِیْ اُسْرَۃً وَّاحِدَۃً یَّکْفِیْ اَرْبَعِیْنَ وَاَرْبَعِمِائَۃٍ وَلَا یَنْقُصُ مِنْہُ تَمْرَۃٌ) صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبو قیس بن الحارث بن قیس وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اسخی الناس ﷺ تمام مخلوقات کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے ایک خاندان کی کھجور پورے چار سو چالیس آدمیوں کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو قیس بن الحارث بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

613. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اُسْوَۃٍ حَسَنَۃٍ، بِعَدَدِ الْخَوَاطِرِ وَالظُّنُوْنِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (مِائَۃُ تَمْرَۃٍ یَّاْکُلُ مِنْھَا اَصْحَابُ النَّبِیِّ ﷺ وَلَا تَنْقُصُ) صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبو کبشۃ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اسوۃ حسنۃ ﷺ تمام خواطر اور ظنون کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے کھجوروں سے کھانے کے باوجود اس میں کمی کا نہ ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو کبشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

614. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَشْجَعِ النَّاسِ، بِعَدَدِ مِلْحِ

الْعُيُوْنِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (تَمْرُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ وَالدَّيْنُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو كلاب بن أبي صعصعة وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اشجع الناس ﷺ تمام نمک کے ذروں کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے تھوڑے کھجور حضرت جابر بن عبداللہ کے قرضہ کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو کلاب بن أبي صعصعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

615. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَشَدِّ حَيَاءً، بِعَدَدِ شَامِلِ الْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (ثَوْبٌ يَّتَسَاقَطُ مِنْهُ التَّمْرُ فَيَأْكُلُ اَهْلُ الْخَنْدَقِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو لبابة الأنصاري وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الاشد حیاء ﷺ تمام عدل اور احسان والوں کی تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے تھوڑے سے کھجور تمام اہل خندق کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو لبابۃ الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

616. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَشَدِّ النَّاسِ بَاْسًا، بِعَدَدِ كَامِلِ الْفَضْلِ وَالْاِمْتِنَانِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (تَمْرَتَانِ تَمْلَانِ الْبَطْنَ وَتَكْفِيَانِ الْبَطْنَ سَائِرَ الْيَوْمِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو مالك الأشعري وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اشد الناس بأسا ﷺ تمام کامل فضل اور احسان والوں کے تعداد کے برابر اور تھوڑے سے کھجور سارے لوگوں کے لیے سارا دن کفایت کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو مالک الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

617. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَشَدِّ النَّاسِ حَیَآءً، بِعَدَدِ وَالِی الْبِرِّ وَالْاِحْسَانِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (تَمْرَةٌ وَّاحِدَةٌ تَکْفِیْ عِشَآءً بِبَرَکَةِ النَّبِیِّ ﷺ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو محجن الثقفی وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اشد الناس حیاء ﷺ تمام نیکیوں اور احسانوں کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے عشاء تک ایک کھجور سب لوگوں کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو محجن الثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

618. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَشْرَفِ النَّاسِ، بِعَدَدِ عَالِی الْقَدْرِ وَالْمَکَانِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (تَکْثِیْرُهٗ ﷺ الْبَیْضَ فِی الْقَصْعَةِ وَلَا یَنْقُصُ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو محذورة الجمحی وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اشرف الناس ﷺ تمام بڑے قدروں کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے تھوڑے انڈے تمام اصحاب صفہؓ کے لیے کافی اور اس میں کمی نہ ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو محذورۃ الجمحی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

619. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَشْنَبِ، بِعَدَدِ مِلْاِ الْمِیْزَانِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (فِیْ تَکْثِیْرِہٖ ﷺ اللَّحْمَ وَرِجْلَ الشَّاۃِ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبو مرثد الغنوی وَبَارَکَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الاشنب ﷺ تمام میزان کو بھاری کرنے والے اشیاء کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے بکری کے گوشت اور سری میں زیادتی اور کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو مرثد الغنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

620. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَصْبَرِ النَّاسِ، بِعَدَدِ مَا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (اَبُوْ خُنَاسٍ وَّشَاۃٌ تَکْفِیْ اَوْلَادَہٗ وَیَفْضُلُ مِنْھَا) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبو مسعود البدری وَبَارَکَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اصبر الناس ﷺ تمام زمانوں کی ادلی بدلی کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے ایک بکری سارے خاندان کے لیے کافی ہوا اور اس میں کھانے کے باوجود اس میں بچت ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو مسعود البدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

621. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَصْدَقِ فِی اللّٰہِ، بِعَدَدِ مَا تَعَاقَبَ الْعَصْرَانُ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (بَرَکَۃُ النَّبِیِّ ﷺ فِیْ

اللّحمِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو موسى الأشعري وَبَارَكَ وَسَلَّمَ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اصدق فی اللہ ﷺ دنوں کا ایک دوسرے کے بعد آنے کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی دعا سے گوشت میں برکت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

622. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَصْدَقِ النَّاسِ لَهْجَةً، بِعَدَدِ مَا تَكَرَّ وَالْجَدِيْدَانِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (عَنَاقٌ تَكْفِي النَّبِيِّ ﷺ وَالصِّدِّيْقَ وَاَصْحَابَهُ وَيَفْضُلُ مِنْهَا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو هاشم بن عتبة بن ربيعة وَبَارَكَ وَسَلَّمَ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اصدق الناس لھجۃ ﷺ جب تک سورج و چاند کا نظام قائم رہے گا اور کھانا کا کفایت کرنا آپ ﷺ کے لیے، حضرت صدیق اکبرؓ اور تمام صحابہ کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو ھاشم بن عتبہ بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

623. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَطْهَرِ، بِعَدَدٍ مِّنَ الْيَوْمِ اِلٰى يَوْمٍ يُّنْفَخُ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ تَكْثِيْرِهٖ ﷺ طَعَامَ اَبِيْ طَلْحَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو هريرة وَبَارَكَ وَسَلَّمَ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الاطہر ﷺ اول یوم سے آخری صور پھونکنے تک اور آپ ﷺ کی برکت سے ابی طلحہ ؓ کے کھانے میں اضافے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو هریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

624. **اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَطْيَبِ، بِعَدَدِ الْعَطِيَّاتِ وَالْخَيْرَاتِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ تَكْثِيْرِهٖ ﷺ طَعَامَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو هند الحجام وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔**

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الاطیب ﷺ تمام عطیات اور خیرات کی تعداد کے برابر اور بعام جابر بن عبد اللہ ؓ کے کھانے میں برکت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو هند الحجام رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

625. **اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَطْيَبِ الْاَخْلَاقِ، بِعَدَدِ الْمِعْرَاجِ وَالْقَدْرِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ تَكْثِيْرِهٖ ﷺ حَيْسَ أُمِّ سُلَيْمٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبو هند الداری وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔**

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اطیب الاخلاق ﷺ معراج اور قدروں کے تعداد کے برابر اور اُم سلیم ؓ کی روٹی میں برکت نبوی ﷺ سے اضافے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو هند الداری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

.626 اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَطْیَبِ الْجَسَدِ، بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (فِیْ تَکْثِیْرِہٖ ﷺ طَعَامَ اَبِیْ اَیُوْبَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبو نوفل بن أبی عقرب الکنانی وَبَارَکَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اطیب الجسد ﷺ تمام درود پڑھنے والوں کی تعداد کے برابر اور حضرت ابوایوب انصاریؓ کے کھانے میں برکت نبوی ﷺ سے زیادتی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو نوفل بن أبی عقرب الکنانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

.627 اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَطْیَبِ الذِّکْرِ، بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (فِیْ تَکْثِیْرِہٖ ﷺ طَعَامَ ابْنَتِہٖ فَاطِمَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبو واقد اللیثی وَبَارَکَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اطیب الذکر ﷺ تمام درود نہ پڑھنے والوں کے تعداد کے برابر اور حضرت فاطمہؓ کے کھانے میں آپ ﷺ کی برکت سے زیادتی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو واقد اللیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

.628 اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَطْیَبِ النَّاسِ رِیْحًا، بِعَدَدِ کَمَا یَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (فِیْ تَکْثِیْرِہٖ ﷺ فَضْلَۃَ اَزْوَادِ اَصْحَابِہٖ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمْ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبو الیسر کعب بن عمرو وَبَارَکَ

وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اطیب الناس ریحا ﷺ تمام نماز پڑھنے والوں کی تعداد کے برابر اور زیادہ صحابہ کے لیے کھانا کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبو الیسر کعب بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

629. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَعْدَلِ النَّاسِ، بِعَدَدِ مَنَازِلِ الْقَمَرِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (بَرَکَۃُ یَدِ النَّبِیِّ ﷺ فِی الطَّعَامِ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبی بن أمیۃ اللیثی وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اعدل الناس ﷺ چاند اور اس کے منازل کے تعداد کے برابر اور حضرت محمد ﷺ کے ہاتھ مبارک سے طعام میں برکت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبی بن أمیۃ اللیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

630. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَعْرَبِ، بِعَدَدِ اَنْبِیَآءِ اللّٰہِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (اِطْعَامُ الصَّحَابَۃِ فِی الْعُمْرَۃِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبی بن ثابت الأنصاری وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اعرب ﷺ تمام انبیاء اللہ کے تعداد کے برابر اور عمرہ میں تمام صحابہؓ کے لیے آپ ﷺ کی برکت سے کھانا کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان

اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبی بن ثابت الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

631. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَعْرَبِ الْعَرَبِ، بِعَدَدِ اَخْیَارِ اللہِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (صَحْفَۃُ طَعَامٍ تَکْفِیْ اَصْحَابَ النَّبِیِّ ﷺ) صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبی بن عجلان الباھلی وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اعرب العرب ﷺ تمام نیک لوگوں کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے ایک لگن کا کھانا تمام اصحابؓ کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبی بن عجلان الباھلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

632. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَعَزِّ، بِعَدَدِ اَصْفِیَآءِ اللہِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (کِسْرَتَیْنِ وَقَلِیْلٌ مِّنَ اللَّبَنِ تَکْفِیْ اَھْلَ الصُّفَّۃِ لَمَّا شَکَوُا الْجُوْعَ) صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبی بن عمار وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الاعز ﷺ تمام پاکیزہ لوگوں کے تعداد کے برابر اور بھوک کے وقت تھوڑا سا دودھ آپ ﷺ کی برکت کی وجہ سے اہل صفہ کے بھوک مٹانے کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبی بن عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

633. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَعْظَمِ، بِعَدَدِ اَوْلِیَآءِ اللہِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (طَعَامُ قَلِیْلٍ یَّکْفِیْ آلَ النَّبِیِّ ﷺ) صَلَّی اللہُ

عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبي بن القشب الأزدى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الاعظم ﷺ تمام اولیاء اللہ کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کی برکت سے تھوڑا سا کھانا آل نبی ﷺ کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبی بن القشب الازدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

634. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَعَفِ النَّاسِ، بِعَدَدِ اَتْقِيَآءِ اللهِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (طَعَامٌ اُرِيْقَ مِنَ الْاَنَاءِ فَيَعُوْدُ لِلْاِنَاءِ مَرَّةً اُخْرٰى) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبي بن قيس النخعي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اعف الناس ﷺ تمام متقی لوگوں کے تعداد کے برابر اور ایک برتن میں تھوڑا سا کھانے کے باوجود سب نے کھایا مگر آپ ﷺ کی برکت سے پھر بھی کھانا باقی رہنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبی بن قیس النخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

635. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَعْلٰى، بِعَدَدِ اَسْخِيَآءِ اللهِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (طَعَامٌ يُّصْنَعُ لِلنَّبِيِّ ﷺ فَيَكْفِيْ اَصْحَابَهٗ مَعَهٗ وَيَفْضُلُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبي بن كعب بن عبد ثور المزني وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اعلیٰ ﷺ تمام سخی لوگوں کی تعداد کے

برابر اور صرف نبی ﷺ کے لیے تیار شدہ کھانے آپ ﷺ کے ساتھ موجود صحابہؓ کے کافی ہونا اور پھر بچ جانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبی بن کعب بن عبد ثور المزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

636. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَعْلَمِ بِاللهِ بِعَدَدِ شُهَدَآءِ اللهِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (صُهَيْبٌ يَّصْنَعُ طَعَامًا لِلنَّبِيِّ ﷺ فَيَطْعَمُ النَّبِيُّ ﷺ وَاَصْحَابُهُ وَيَفْضُلُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبي بن كعب الأنصاري وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الاعلم باللہ ﷺ تمام شہیدوں کے تعداد کے برابر اور حضرت صہیبؓ کا نبی کے لیے تیار کردہ کھانا سب صحابہؓ کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبی بن کعب الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

637. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَغَرِّ، بِعَدَدِ فُقَرَآءِ اللهِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (خَطِيْبَةُ النِّسَاءِ تَصْنَعُ طَعَامًا لِلنَّبِيِّ ﷺ فَيَكْفِيْ اَرْبَعِيْنَ مَعَهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبي بن مالك القشيري وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الاغر ﷺ تمام فقراء کے تعداد کے برابر اور نبی ﷺ کے لیے تیار کردہ کھانا چالیس آدمیوں کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبی بن مالک القشیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

638. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَغْیَرِ، بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ وَالْاَشْجَارِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (اَلْبَرَکَۃُ فِیْ طَعَامِ النَّبِیِّ ﷺ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبیض البارقی وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اغیر ﷺ تمام درختوں اور پودوں کے تعداد کے برابر اور نبی ﷺ کے کھانے میں برکت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبیض البارقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

639. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَفْصَحِ الْعَرَبِ، بِعَدَدِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (صَحْفَۃٌ فِیْھَا عَصِیْدَۃٌ مِّنْ تَمْرٍ تَکْفِیْ اَھْلَ الْمَسْجِدِ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبیض الجنی وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت افصح العرب ﷺ تمام دنوں اور راتوں کے تعداد کے برابر اور کھجور کے حلوہ تمام اہل مسجد کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُبیض الجنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

640. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَفْصَحِ النَّاسِ، بِعَدَدِ حَرَکَاتِ الصَّآئِمِیْنَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (اَھْلُ الْخَنْدَقِ یَاْکُلُوْنَ مِنْ قَعْبَۃٌ فِیْھَا حَیْسٌ وَّلَا تَنْقُصُ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأبیض بن أسود وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت افصح الناس ﷺ تمام روزوں کے

حرکات کے تعداد کے برابر اور اہل خندق کے ایک چھوٹے سے برتن میں کھانا کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبیض بن أسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

641. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا اَفْضَلِ النَّاسِ، بِعَدَدِ سَكَنَاتِ الْقَآئِمِيْنَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (قَصْعَةٌ مِّنْ ثَرِيْدٍ لِاَهْلِ الصُّفَّةِ وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ يَاْكُلُ مِنْهَا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبيض بن حمال وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت افضل الناس ﷺ تمام قائمین کے سکنات کے برابر اور ایک نوالہ کھانا حضرت ابو ہریرہؓ اور اہل صفہؓ کے لیے کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبیض بن حمال رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

642. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا اَقْنَى الْاَنْفِ، بِعَدَدِ ذَرَّاتِ الْاَرْضِيْنَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (طَعَامٌ مِّنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ ﷺ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأبيض بن هنى بن معاوية وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اقنی الالف ﷺ زمین کے تمام ذروں کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کے انگلیوں پر لگا کھانا کافی ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أبیض بن ھنی بن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

643. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا اَقْنَى الْعِرْنَيْنِ، اِذَا اللَّيْلُ

يَغْشٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (كِسْرَةُ خُبْزٍ يَابِسَةٌ وَيَدُ النَّبِيِّ ﷺ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأثال بن النعمان الحنفی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اقنی العرنین ﷺ جب تک رات چھا جائے اور آپ ﷺ کے ہاتھ سے مسح ہونے کے بعد کھانے میں زیادتی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُثال بن النعمان الحنفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

644. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَكْبَرِ، اِذَا النَّهَارُ تَجَلّٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (شَاةٌ لَّهَا اَكْثَرُ مِنْ ذِرَاعَيْنِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأشج العبدی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اکبر ﷺ جب تک روز روشن رہے اور بکری کے دو ذراع کا واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُشج العبدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

645. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَكْبَرِ النَّاسِ، بِعَدَدِ كَلِمَاتِكَ وَاَلْفَاظِكَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَبُوْ هُرَيْرَةَ وَالذِّرَاعُ الثَّالِثَةُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأثيلة الخزاعی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اکبر الناس ﷺ تمام جملوں اور الفاظ کی تعداد کے برابر اور حضرت ابوہریرہؓ کے تین ذراع کھانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و

اُثیلۃ الخزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

.646 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَكْثَرِ النَّاسِ تَبْعًا، بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَلشَّاةُ الْمَشْوِيَّةُ وَاَكْثَرُ مِنْ ذِرَاعَيْنِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأحمر بن جزء السدوسى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اکثر الناس تبعا ﷺ تمام معلومات کے تعداد کے برابر اور تھوڑا بھنا ہوا گوشت اور ذراعین میں برکت کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُحمر بن جزء السدوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

.647 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاَكْرَمِ، بِعَدَدِ مَنْ صَامَ شَهْرَ رَمَضَانَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَبُوْ عُبَيْدٍ مَوْلَى النَّبِيِّ ﷺ وَالْاَذْرُعُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأحمر بن سواء بن عدى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اکرم ﷺ تمام روزہ داروں کے تعداد کے برابر اور ابو عبیدہ غلام نبی ﷺ کے ذراع میں برکت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُحمر بن سواء بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

.648 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَكْرَمِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ، بِعَدَدِ لَيْلَةِ الْبَرَاءَةِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ تَكْثِيْرِهٖ ﷺ سَوَادَ الْبَطْنِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأحمر بن

قطن الهمدانی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اکرم الاولین والاخرین ﷺ لیلۃ البرات کے تعداد کے برابر اور پیٹ کے درد میں اضافہ ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُحمر بن قطن الھمدانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

649. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَکْرَمِ النَّاسِ، بِعَدَدِ قَآئِمِیْنَ الْقَدْرِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَلطَّعَامُ اَتَاهُ ﷺ مِنَ الْجَنَّةِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأحمر بن مازن بن أوس وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اکرم الناس ﷺ قائمین قدر کے تعداد کے برابر اور جنت سے کھانا آنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُحمر بن مازن بن اُوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

650. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَکْرَمِ النَّاسِ حَیًّا، بِعَدَدِ ذَرَّةٍ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (طَعَامٌ مِّنَ السَّمَآءِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأحمر بن معاوية بن سليم وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اکرم الناس حیا ﷺ تمام ذروں کو اتنے ہی ضرب دینے کے برابر اور آسمان سے کھانا آنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُحمر بن

معاویہ بن سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

651. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَكْرَمِ وُلْدِ اٰدَمَ، بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْمَخْلُوْقَاتِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ تَسْبِيْحِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ بَيْنَ يَدَيْهِ ﷺ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأحمر أبو عسيب وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اکرم ولد ادم ﷺ تمام مخلوقات کے سانسوں کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کے ہاتھ مبارک میں کھانا اور پانی کا تسبیح پڑھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أحمر أبو عسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

652. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاِكْلِيْلِ، بِعَدَدِ كَلِمَاتِهِ التَّآمَّاتِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَلثَّرِيْدُ يُسَبِّحُ بَيْنَ يَدَيْهِ ﷺ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالأحوص بن عبد بن أمية وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اکلیل ﷺ تمام مکمل جملوں کے تعداد کے برابر اور ثرید کا آپ ﷺ کے ہاتھ مبارک میں تسبیح پڑھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین والأحوص بن عبد بن أمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

653. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْاِمَامِ، بِعَدَدِ اَشْعَارِ الْمَوْجُوْدَاتِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (قِدْرُ الطَّعَامِ يُسَبِّحُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالأحوص بن مسعود

بن کعب وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الامام ﷺ تمام موجودات کے اشعار کے تعداد کے برابر اور قدر طعام کا آپ ﷺ کے ہاتھ مبارک میں تسبیح پڑھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین والأحوص بن مسعود بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

654. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اِمَامِ الْخَيْرِ، بِعَدَدِ سَوَاكِنِ سَبْعِ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوَاتِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَلصَّحْفَةُ تُسَبِّحُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأحيحة بن أمية بن خلف وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امام الخیر ﷺ سات آسمانوں اور زمینوں کے ذرات کے برابر اور آپ ﷺ کے ہاتھ میں تسبیح پڑھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُحیحۃ بن اُمیہ بن خلف رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

655. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اِمَامِ الصَّادِقِيْنَ، بِعَدَدِ حُرُوْفِ الْاَلْوَاحِ وَالْمَصَاحِفِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَلْمَاءُ يُسَبِّحُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالأخرم الهجيمي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امام الصادقین ﷺ تمام الواح اور مصاحف کے تعداد کے برابر اور آپ ﷺ کے ہاتھ مبارک میں پانی کا تسبیح پڑھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام

رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین والأخرم الحجیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

656. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اِمَامِ الصِّدِّیْقِیْنَ، بِعَدَدِ کُلِّ شَیْئٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (فِیْ حَنِیْنِ الْجِذْعِ شَوْقًا لِلنَّبِیِّ ﷺ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالأخضر بن أبي الأخضر الأنصاري وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امام الصدیقین ﷺ دنیا اور آخرت میں تمام اشیاء کے تعداد کے برابر اور نبی ﷺ کے ذوق و شوق و محبت میں تنہ کے رونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین والأخضر بن أبي الأخضر الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

657. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاِمَامِ الْاَعْظَمِ، اَلَّذِیْ صَاحِبُ الْمَوْقِفِ الْاَعْظَمِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (جِذْعٌ لَّهُ خُوَارٌ كَالثَّوْرِ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالأخنس بن شريق بن عمرو وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امام الاعظم ﷺ وہ ذات جو صاحب موقف اعظم ہیں اور بیل کی آواز سننے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین والأخنس بن شریق بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

658. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اِمَامِ الْعٰلَمِیْنَ، اَلَّذِیْ بُعِثَ فِی الظُّلَمِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (اَلنَّخْلَةُ تَصِیْحُ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالأدرع السلمي وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امام العلمین ﷺ ظلمتوں ناانصافیوں کو دور کرنے والے ہیں اور کھجور کا چیخنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین والأدرع السلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

659. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اِمَامِ الْعَامِلِیْنَ، اَلَّذِیْ کَشَفَ عَنْ اُمَّتِهِ النَّقَمَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِنْقِیَادِ الشَّجَرَةِ لَهٗ ﷺ) صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأدهم بن حظرة اللخمی الراشدی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امام العاملین ﷺ وہ ذات جس نے امت سے سختیاں مٹائی تھی اور درختوں کا تابع ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أدھم بن حظرۃ اللخمی الراشدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

660. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ، اَلَّذِیْ رَسُوْلَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَلشَّجَرُ یَسْتُرُ النَّبِیِّ ﷺ) صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأذینة العبدی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امام المتقین ﷺ وہ ذات جو عرب و عجم کے لیے مبعوث ہوئے ہیں اور درختوں کا ستر مہیا کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أذینۃ العبدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

661. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اِمَامِ النَّاسِ، اَلْوَفِیِّ بِالْعُھُوْدِ وَالذِّمَمِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَلنَّخْلَتَانِ تَسْتُرَانِ النَّبِیَّ ﷺ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأربد بن حميرة وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امام الناس ﷺ جو ایفاء عہد اور عہد کے توڑنے کے مخالف مبعوث ہیں اور درختوں کا آپ ﷺ کے ستر مہیا کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أربد بن حمیرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

662. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اِمَامِ النَّبِیِّیْنَ، اَلَّذِیْ سَبَقَتْ اُمَّتُہُ الْاُمَمَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یَاْمُرُ الْاَشْجَارَ فَتَسْتَجِیْبُ لَہٗ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأرطاة الفزاری وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امام النبیین ﷺ وہ ذات جس کی اُمت کو تمام امتوں پر سبقت حاصل ہے اور درختوں کو حکم دینا اور درختوں کا حکم ماننے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أرطاة الفزاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

663. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَمَانِ، اَلَّذِیْ اُوْتِیَ جَوَامِعَ الْکَلِمِ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَلنَّخْلُ وَالْحَجَرُ یَجْتَمِعُ وَیَتَفَرَّقُ بِاَمْرِ الرَّسُوْلِ ﷺ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأرطاة بن كعب النخعي وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امان ﷺ وہ ذات جس کو جوامع الکلم دیا گیا اور درخت اور پتھر آپ ﷺ کے حکم سے جمع اور جدا ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أرطاۃ بن کعب النخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

664. **اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاُمَّةِ، اَلَّذِی انْتَظَمَ بِوُجُوْدِهِ الْعَالَمُ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (شَجَرَتَانِ بَیْنَهُمَا اَرْبَعَةُ اُذْرُعٍ تَجْتَمِعَانِ بِاَمْرِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالأرقم الجنی وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔**

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الامۃ ﷺ عالم وجود کے منتظم ہے اور چار درختوں کا پردہ بنانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین والأرقم الجنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

665. **اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَمْجَدِ، اَلَّذِیْ عَلَتْ کَلِمَتُهُ الْکَلِمَ، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (عَذْقٌ یَّسْجُدُ وَیَشْهَدُ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ بِالرِّسَالَةِ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالأرقم بن أبی الأرقم وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔**

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امجد ﷺ جو بجھایا نہیں جا سکتا جو کلمۃ الکلم ہے اور عذق کا سجدہ اور آپ ﷺ کی رسالت پر گواہی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و الأرقم بن أبی الأرقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

666. **اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاٰمِرِ، اَلَّذِیْ شَافِی السَّقَمِ،**

صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (نَخْلَةٌ تَسْجُدُ وَتَشْهَدُ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ بِالرِّسَالَةِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَازداد بن فساءة الفارسی وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الامر ﷺ وہ ذات جو خرابیوں سے پاک ہے اور درختوں کا آپ ﷺ کو سجدہ کرنا اور آپ ﷺ کے رسالت کی گواہی دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وازداد بن فساءۃ الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

667. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا الٓمّٓ، مَنْ لَّمْ يَضِلَّ وَمَا غَوٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (شَجَرَةٌ تَشْهَدُ لِرَسُوْلِ ﷺ ثَلَاثًا بِالرِّسَالَةِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالأزرق بن عقبة وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الم ﷺ وہ ذات جو کبھی گمراہ نہ ہوئے اور نہ باغی ہوئے اور درخت نے تین بار آپ ﷺ کی رسالت پر گواہی دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین والأزرق بن عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

668. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا الٓمّٓرٰ، مَنْ اَوْحٰی اِلَيْهِ رَبُّهٗ مَآ اَوْحٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (غُصْنٌ مِّنْ شَجَرَةٍ يَّنْخَلِعُ مِنْ مَّكَانِهٖ ثُمَّ يَعُوْدُ بِاَمْرِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأزهر بن عبد عوف وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت المر ﷺ اللہ نے جو کچھ وحی کرنا تھی وہ

وحی کر دی اور آپ ﷺ کے حکم پر درخت کا آنا اور واپس اپنی جگہ جانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وأزھر بن عبد عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

669. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الٓمّٓصٓ، مَنْ لَّمْ یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (نِدَاءِ النَّبِیِّ ﷺ عَلٰی شَجَرَۃٍ مِّنْ عَقَبَۃِ اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ فَتَسْتَجِیْبُ لَہٗ) صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأزھر بن منقر وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سر دار حضرت المص ﷺ وہ ذات جو اپنے نفس سے نہیں بولتے ہیں اور درختوں نے آپ ﷺ کا حکم کا اتباع کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وأزھر بن منقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

670. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَلْمَعِیِّ، مَنْ نَّطَقَ وَحْیًا یُّوْحٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (شَجَرَۃٌ مِّنْ وَّرَاءِ الْوَادِیْ تَسْتَجِیْبُ لَہٗ ﷺ) صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَازیھر مولی سھیل بن عمرو وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سر دار حضرت المعی ﷺ وہ ذات جو صرف وہی بولتا ہے جو وحی کی گئی ہے اور وادی کے دوسری جانب کی درختوں نے آپ ﷺ کے حکم کا اتباع کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وازیھر مولی سھیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

671. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَمِنِ، مَنْ عَلَّمَہٗ شَدِیْدُ

الْقُوٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (شَجَرَةٌ تُعْلِمُ النَّبِیَّ ﷺ بِمَجِیْءِ الْجِنِّ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأسامة الحنفی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امن ﷺ جس نے عظیم قوت سے علم سیکھا اور درخت نے جن کے آنے کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُسامۃ الحنفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

672. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اٰمَنَةٍ، مَنْ دَنٰی فَتَدَلّٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (شَجَرَةٌ اِسْتَاذَنَتْ رَبَّهَا عَزَّوَجَلَّ فِیْ اَنْ تُسَلِّمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللهِ ﷺ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأسامة بن أخدری التمیمی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امنۃ ﷺ جو دنی فتدلی ہے اور درخت کا اللہ سے نبی پر سلام کے لیے اجازت کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُسامۃ بن اُخدری التمیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

673. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَمَنَةِ، مَنْ كَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (شَجَرَةٌ تَشُقُّ الْاَرْضَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللهِ ﷺ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأسامة بن خریم وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الامنۃ ﷺ جو قوت قوسین کے طرح

تھا اور درخت کا زمین پھاڑ کر آنا اور آپ کی اطاعت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُسامۃ بن خریم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

674. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَمْنَعِ النَّاسِ، مَنْ صَدَّقَ فُؤَادُہٗ مَا رَاٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (فِی الْاٰیَۃِ فِی النَّخْلِ "کُلِّھَا اِلَّا نَخْلَۃً" غَرَسَہٗ لِسَلْمَانَ لَمَّا کَاتَبَہٗ سَیِّدُہٗ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأسامۃ بن زید وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امنع الناس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ذات جس کے آنکھوں نے جو کچھ دیکھا قلب نے اس کی تصدیق کی اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے مکاتب بننے کے بعد کھجور کی کاشت کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُسامۃ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

675. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاُمِّیِّ، مَنْ کَسَرَ اللّٰاتَ وَالْعُزّٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (فِیْ تَسْبِیْحِ الْحَصٰی فِیْ کَفِّہٖ ﷺ وَکَفِّ الصِّدِّیْقِ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأسامۃ بن شریك الثعلبی وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ذات جس نے لات و عزیٰ بتوں کو تہہ نس کر دیا اور کنکریوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں میں تسبیح کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت

بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أسامۃ بن شریک الثعلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

676. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاُمِّیِّ، مَنْ لَّمْ یُؤْثِرِ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (اَلْحَصٰی یُسَبِّحُ فِیْ یَدِہٖ ﷺ اَمَامَ مُلُوْكِ حَضْرَ مَوْتَ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأسامۃ بن عمیر بن عامر وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الامی ﷺ جس نے دنیا کو کبھی ترجیح پسند نہ فرمایا اور آپ ﷺ کے ہاتھوں اور امام ملوک حضر موت کے ہاتھوں میں تسبیح پڑھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أسامۃ بن عمیر بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

677. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْاَمِیْنِ، مَنْ بَلَغَتْ مَنَایُہُ الْمُنٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (سَبْعُ حَصَیَاتٍ یُسَبِّحْنَ فِیْ یَدِہٖ ﷺ وَالصِّدِّیْقِ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَأسد بن حارثۃ الکلبی وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت امین ﷺ وہ ذات جن کی آرزو پوری کی گئی اور صحابہؓ نے آپ ﷺ کے ہاتھوں میں سات کنکریوں کی تسبیح سننے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و أسد بن حارثۃ الکلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

678. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا اَنْجَدِ النَّاسِ، مَنْ وَّعَدَتْہُ اَنْ یَّرْضٰی، صَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (اَلصَّحَابَۃُ یَسْمَعُوْنَ تَسْبِیْحَ الْحَصٰی

فِيْ يَدِهٖ ﷺ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأسد بن خويلد وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت انجد الناس ﷺ جن کے وعدوں اور ذمہ داریوں کو پورا کیا گیا اور صحابہؓ نے آپ ﷺ کے ہاتھوں میں کنکریوں کی تسبیح سننے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُسد بن خویلد رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

679. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَنْعَمِ اللهِ، مَنْ هَدَيْتَهٗ فَاهْتَدٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ تَكْثِيْرِهٖ ﷺ الذَّهَبَ دَفَعَهٗ لِسَلْمَانَ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأسد بن سعية القرظي وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت انعم اللہ ﷺ جو ہوا سے زیادہ سخی ہدایت کے پھیلانے والے ہیں اور حضرت سلمان فارسیؓ کے آزادی کے لیے جمع شدہ سونے میں اضافہ ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُسد بن سعیۃ القرظی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

680. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَنْفَسِ، مَنْ جَزَيْتَهٗ بِالْحُسْنٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ تَأْمِيْنِ اُسْكُفَّةِ الْبَابِ، وَحَوَائِطِ الْبَيْتِ عَلٰى دُعَآئِهٖ ﷺ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأسد بن عبد الله وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت انفس ﷺ وہ ذات جسے اچھا بدلہ دیا گیا اور گھر اور اس کے دروازوں نے آپ ﷺ کی دعا پر آمین کہنے کا معجزہ رکھنے والے اور

درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُسد بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

681. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَنْفَسِ الْعَرَبِ، مَنْ نُّهَيْتَهٗ فَانْتَهٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ تَحْرِيْكِ اُحُدٍ فَرَحًا بِهٖ ﷺ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأسد بن كرز بن عامر وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت انفس العرب ﷺ جس کام سے منع کیا گیا تو اس سے منع ہوئے اور جس کے لیے اُحد حرکت میں آگئی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و اُسد بن کرز بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

682. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَنْفَعِ النَّاسِ، مَنْ كَانَ فُؤَادُهٗ اَوْفٰى، صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (تَحْرِيْكُ حِرَآءَ فَرَحًا بِالرَّسُوْلِ ﷺ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَأسد بن كعب القرظى وَبَارَكَ وَسَلَّمْ۔

